16/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینسید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

اجلاس میں شرکت کی غرض سے پہنچگئے فرانس کے G7 *........ وزیر اعظم نریندر مو دی
-Evian شہر

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون سرینگر میں شری امر نا تھ جی یاترا گائیڈ بک کا
15واں شمارہ کیا جا ری۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں 26 کروڑ50لاکھ روپے لاگت
کا رکھا سنگ بنیاد-STPsوالے2بڑے

اور

*........ محرم الحرام کے مقدس مہینے کی شروعات کل سے۔

PMدورہ

اجلاس میں شرکت کی غرض سے فرانس کے 2روزہ دورے G7وزیر اعظم نریندر مو دی
پہنچ گئے ہیں۔ فرانس پہنچنے پر وزیر اعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ Evianپر
عالمی نوعیت کے کلیدی معاملات پر تبادلہ خیال کرنے کے عالمی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت
کے منتظر ہیں۔

کے سفر کے دوران وزیر اعظم جینوا سویزر لینڈ بھی گئے جہاں ہوائی اڈے Evianاس سے پہلے
نے اس کا استقبال کیا ۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور سویزر Guy Parmelin پر وہاں کے صدر
لینڈ کے درمیان شراکت داری کو مستحکم کرنے سے متعلق امورپر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی مسلسل ساتویں مرتبہ اس اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں جبکہ بھارت
اجلاس میں شرکت کر رہا ہے-G7 مجموعی طور پر 13ویں بار

Tamta

سڑکٹ ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے مرکز ی وزیر مملکت اجے تمتا نے جموں و کشمیر کا دورو زہ دورہ مکمل کیا ہے۔ انہوننے جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر میں کلیدی نوعیت کے قومی شاہراؤں کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوننے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر سفر کر کے اس کے مختلف مقامات پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے کہا کہ پچھلے12برسوں میں جموں و کشمیر میں20ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے7سو کلو میٹر لمبی شہراہیں مکمل کی گئی ہیں جبکہ50ہزار کروڑ روپے کی لاگت والی2ہزار300کلو میٹر لمبی سڑکوں پر کام شدو مد سے جا ری ہے۔

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون سرینگر میں ایک تقریب پر شری امرناتھ جی یاترا گائیڈ بک کے پندرھویں ایڈیشن کا اجرا کیا۔گائیڈ بک کا //رواں سال کا ایڈیشن یاتریوں کے لیے ایک اہم معلوماتی رہنما کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔

اس میں سہولیات، حفاظتی ہدایات، یاترا کے ضوابط، رجسٹریشن کے طریقہ کار، طبی سہولیات، رہائش کے انتظامات اور ہنگامی رابطہ نمبروں سمیت لکھن پور سے گپھا تک دونوں راستوں سے متعلق جامع معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

اس موقعے پر ایل جی نے عقیدتی سیاحت کے تجربے کو مزید بہتر بنانے کے لیے ٹورازم فیڈریشن آف جموں کی مسلسل کوششوں کو سراہا۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیرانشل گرگ نے شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کیلئے بالتل میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے شردھالووں کیلئے محفوظ اور آرام دہ یاترا کے تجربے کو یقینی بنا نے کی ہدایت دی۔

گاندربل سدھانشوداما اور کئی دیگر محکموں کے افسران ان SSPڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور، کے ہمراہ تھے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں گندے پانی کی ٹریٹمنٹ کے نظام کو مستحکم کرتے ہوئے26کروڑ50لاکھ روپے کی لاگت والے2بڑے سیوریج پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا، ان میں اور چھتہ بل سرینگر میں2اعشاریہ5ایم STPبراری نمبل سرینگر کا17اعشاریہ صفر8صلاحیت والا شامل ہے۔STP ایل ڈی صلاحیت والا

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہاکہ گندے پانی کی سائنسی بنیادوں پر نکاسی اور لوگوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

تقریب پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے علاوہ کئی ارکان قانون سازیہ اور انتظامیہ کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

عمر ملاقات

مختلف حلقوں کے اسمبلی ممبروں نے آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل ان کی نوٹس میں لائے۔ ان میں افتخار احمد، رفیق احمد نائیک، حسنین مسعودی، جا وید ریاض بیدار، خورشید احمد شیخ، ارجن سنگھ راجو اور غلام احمد میر شامل ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے عوامی نمائندوں کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلی عمر عبداللہ کی صدارت میں آج سرینگر میں سرینگر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ آف کی طرف سے عملائے جا رہے SDAڈائریکٹرس کی 84ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

اسکے علاوہ سرینگر ماسٹر پلان کی عمل آوری پر بھی غور وخوض کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ افسروں پر زور دیا کہ وہ تمام پروجیکٹوں کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنائیں۔

جتیندر سنگھ

پرسنل، عوامی شکایات اور پنشنز کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کونسلنگ ورکشاپ کا افتتاح کیا۔ Pre Retirement سرینگر میں 59ویںSKICC

محکمہ سبکدوش ہونے والے ملازمین کےلئے DOPPWاس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ اسطرح کے کونسلنگ ورکشاپس کا اہتمام کر تا ہے تاکہ ان پنشنروں کے معیار حیات میں بہتری لائی جا سکے۔

ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اپنے تاثرات کا اظہار کر تے ہوئے کہا ۔

--Dr. Jitender Singh--

کے ڈائریکٹر ڈاکٹر پرمود DOPPWامیتابھ چٹر جی، MD اس موقعے پر جموںوکشمیر بینک کے کمار اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

جموں

ڈویژنل کمشنر جموں راکیش کمار نے ایک میٹنگ کے دوران سالانہ کھیر بھوانی میلہ یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ یاترا 20جون کو نگروٹہ جموں سے روانہ کی جائے گی۔

رام بن کو ہدایت دی کہ وہ شردھالوؤں کےلئے تمام تر سہولیات دستیاب رکھیں۔DCانہوںنے

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو کے ساتھ آج سیول سیکریٹریٹ جموں میں کئی عوامی وفود نے ملاقات اور اپنے اپنے مسائل انکی نوٹس میں لائے۔

وزیر موصوفہ نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوںنے افسروں کو موقعے پر ہی ہدایت دی کہ وہ تمام مستحقین کو سکیموں کے دائرے میں لانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کریں۔

جاوید رانا

جل شکتی اور ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج سرینگر میں آل کشمیر ہاوس بوٹ ایسو سی ایشن کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کہا کہ حکومت ہاوس بوٹ کو تحفظ دینے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

ایسو سی ایشن کے چیرمین منظور احمد پختون نے وزیرموصوف کو ہاوس بوٹ سیکٹر کو درپیش مسائل سے روشنا س کرایا۔

اوم برلا

لوک سبھا کے سپیکر اوم برلا نے آج سمویدھان سدن نئی دلی میں قومی سطح کے وِکست بھارت یو تھ پارلیمنٹ2026 کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر نوجوانوں کے امور کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ بھی موجود تھے۔

اس تقریب میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے 757 یونیورسٹیوں اور اداروں کے نوجوان نمائندے شرکت کر کے وِکست بھارت2047 کے نظریے سے متعلق اپنا اپنا نکتہ نظر پیش کر رہے ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

محرم

کل سے محرم الحرام کے مقدس مہینے کی شروعات کے ساتھ ہی نئے قمری سال1448کا آغاز ہو گا۔ محرم الحرام کے دوران ہی 10محرم کے روز میدانِ کربلا میں نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسین ؑ نے اسلام کی سر بلندی کےلئے اپنی اور اپنے رفقا کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ۔

کل سے وادی بھر میں عزاداری اور حسینی مجالس کا انعقاد بھی ہو رہا ہے جس دوران کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس مقدس مہینے کی فضیلت کے حوالے سے مولانا سید محمد اشرف کاملی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--- Mohd Ashraf---

کھیت بچاؤ

ملک بھر میں ان دنوںکھیت بچاؤ مہم شدومد سے جا ری ہے۔ ابھیان کے تحت زرعی زمین کی زرخیزیت اورصحت برقرار رکھنے کےلئے لازمی اقدامات کے بارے میں کسانوں میں جامع بیداری پیدا کی جاتی ہے۔

جمونو کشمیر میں بھی اس اہم ابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری ہیں اور کسانوں کو زرعی زمین کو تحفظ بخشنے سے متعلق اختراعی اقدامات سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے محکمہ زراعت کشمیر کے ڈائریکٹر سرتاج احمد شاہ نے ہمارے نمائندے ڈاکٹر محمود احمد خان کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-------Sartaj Ah-----

نشہ مکت

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے وادی کے ایک Pschiatrist ڈاکٹر منظور نظر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-Dr. Manzoor--

کشمیر پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جا ری رکھتے ہوئے سوف شالی کوکرناگ کے نثار احمد گگرو نامی ڈرگ سمگلر کے خلاف NDPS-ایکٹ کے تحت کیس درج کیا ہے

پولیس نے ضلعے کے دیگر علاقوں میں اسی طرح کے 7سمگلروں کے خلاف بھی کیس درج کی ہیں۔ نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت پولیس نے چرسو اونتی پورہ کے نثار احمد کھانڈے نامی ڈرگ سمگلر کی ڈھائی کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

اسی طرح کی ایک اور کارروائی کے دوران پولیس نندریش کالونی مسلم آباد سرینگر کے سکندر فردوس نامی ڈرگ سمگلر کے 80لاکھ روپے مالیت کے مکان کو اٹیچ کر دیا ہے۔

کرالہ کھڈ پولیس سٹیشن نے میر گنڈ کنلون بجبہاڑہ اننت ناگ کے غلام حسن بٹ نامی ڈرگ سمگلر کے70لاکھ روپے مالیت کے رہائشی مکان کو اٹیچ کر دیا ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والے امن معاہدے کو پوری دنیا کےلئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسکا خیرمقدم کیا ہے۔

ایک پریس بیان میں انہوننے کہا کہ اس معاہدے پر باضابطہ دستخط کر کے دونوں ملک عالم امن اور استحکام کی جانب ایک نئی تاریخ رقم کریں گے۔

دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ نے گرو ارجن دیو جی مہاراج کی برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ جمونو کشمیر کے لوگ صدیوں سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی قدروں کو مستحکم کرنے میں پیش پیش رہے ہیں۔

پریہار

سہولیت کا Testla MRI کشتواڑ شوگن پریہار نے آج ضلع اسپتال کشتواڑ میں 1اعشاریہ پانچMLA
پہل کے تحت قائم کی ہے-CSRسہولت پاور گرڈ کارپوریشن آف انڈیا لمیٹیڈ نےMRI افتتاح کیا۔ یہ

انکم ٹیکس

انکم ٹیکس محکمے کی طرف سے آج سرینگر میں نئے انکم ٹیکس ایکٹ2025 کے بارے میں پرنسپل کمشنر آف انکم ٹیکس سرینگر مونیکا دھامی کی صدارت میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف انجمنوں کے نمائندوں کے علاوہ کافی تعداد میں ٹیکس وہند گان نے شرکت کی۔

معاہدہ

راشٹریہ رکشا یونیورسٹی جے اینڈ کے کیمپس نے جمونوکشمیر میں ناگہانی آفات سے مقابلہ کرنے کے نظام کو تقویت بخشتے ہوئے آج جمونو کشمیر سٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔

عرس

مولانا مرزا اکمل الدین بیگخان بدخشی ؒ کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریب آج منعقد ہوئی۔ اس تعلق سے ان کی زیارت گاہ درگاہ اکملیہ حول میں آج ختمات المعظمات اور درود وازکار کی مجلس منعقد ہوئی، جس میں کافی تعداد مینلوگوں نے شرکت کی ۔

نماز ظہر کے بعد جمعیت ہمدانیہ کے سر براہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے محرم الحرام کی فضیلت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کاامکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 19منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

..........................................

......................

.......